For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

باب 1	شہریت (Citizenship) شہریت اور انسانی حقوق

س ۱: شہریت کی تعریف کریں۔

ج: ایک شخص کی وہ قانونی حیثیت جس سے اس کو کسی بھی ملک یا ریاست کا فرد تصور کیا جاتا ہے شہریت کہلاتی ہے۔

س ۲: انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟

ج: خوراک، لباس اور رہائش انسان کے بنیادی حقوق ہیں۔ ان کے علاوہ ہر انسان کو آزادی سے زندگی گزارنے، آزادیٔ اظہار اور انصاف کا حق حاصل ہے۔ یہ سارے حقوق ''انسانی حقوق'' کہلاتے ہیں۔ یہ وہ حقوق ہیں جن کے تحت تمام انسان یکساں بنیادی ضرورت اور سہولیات کے حق دار ہیں۔

س ۳: روزمرہ زندگی کے کوئی سے تین آداب لکھیں۔

ج: ۱۔ دوسروں کے ساتھ ہمیشہ نرمی اور رحم دلی سے پیش آئیں۔

۲۔ اختلافات کے باوجود دوسروں کی رائے اور نظریات کا احترام کریں۔

۳۔ غلطی کی صورت میں معذرت کر کے معاملہ حل کریں۔

2: دیے ہوئے سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔

س ۱: آزادیٔ اظہار کی اہمیت ہے؟ کیا اپنی رائے کے اظہار کی آزادی ہونی چاہیئے؟

ج: آزادیٔ اظہار کی اہمیت:

انسانی حقوق کے مطابق ہر انسان کو اپنے خیالات کے اظہار کا حق حاصل ہے۔

1948ء کے انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ (UDHR) کے آرٹیکل 19 میں کہا گیا ہے:

''ہر ایک کو رائے اور اظہار رائے کی آزادی کا حق حاصل ہے، اس حق میں کسی مداخلت کے بغیر رائے قائم کرنے اور کسی بھی میڈیا کے ذریعے سے اور کسی بھی سرحد سے قطع نظر معلومات اور نظریات کو تلاش کرنے، حاصل کرنے اور فراہم کرنے کی آزادی شامل ہے''۔

جی ہاں اپنی رائے کے اظہار کی آزادی ہونی چاہیئے کیونکہ اس سے معاشرے میں ہم آہنگی اور رواداری پیدا ہوتی ہے۔ آزادیٔ اظہار کسی بھی ملک میں جمہوری نظام کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ آزادی اظہار معاشرتی برائیوں سے نجات پانے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

س ۲: امن قائم کرنے کے کون سے طریقے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

ج: امن اور ہم آہنگی سے معاشرے کے ہر فرد پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور لوگ بھی متحد رہتے ہیں۔ لوگوں کو متحد رکھنے کے ساتھ ساتھ امن کسی بھی ملک میں خوشحالی اور ترقی کا باعث بھی ہے امن اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے کچھ باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

۱۔دوسروں کے ساتھ ہمیشہ نرمی اور رحم دلی سے پیش آئیں۔
۲۔اختلافات کے باوجود دوسروں کی رائے اور نظریات کا احترام کریں۔
۳۔غلطی کی صورت میں معذرت کر کے معاملہ حل کریں۔
۴۔دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔اس لئے ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھیں۔
۵۔کوئی بھی معاملہ پیش آئے تو امن اور ہم آہنگی کی خاطر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصالحت اختیار کریں۔

س ۳: ایک ذمہ دار ڈیجیٹل شہری کے تین اُصول اپنی کاپی پر لکھیں۔

ج: ایسا شہری جو سماجی اور شہری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے انٹرنیٹ اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع ٹیکنالوجی مثلاً فیس بک (Facebook)، واٹس ایپ (Whatsapp) انسٹاگرام (instagram) اور ٹویٹر (Twitter) وغیرہ کا مؤثر استعمال کرتا ہے، ڈیجیٹل شہری کہلاتا ہے۔

ایک ذمہ دار ڈیجیٹل شہری کے تین اُصول:

۱۔تمام انٹرنیٹ سائٹوں کے اصولوں اور قوانین کی پابندی
۲۔دوسروں کے حقوق اور ان کے رائے کا احترام
۳۔بغیر اجازت لوگوں کی معلومات، تصاویر یا کام کے استعمال یا اشتراک سے گریز۔

معروضی سوالات (Objectives)

1۔درست جواب کا انتخاب کریں۔اور (✓) کا نشان لگائیں۔

۱۔انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ (UDHR) دنیا کے سامنے پیش کیا گیا:

(ا) 1946ء میں (ب) 1947ء میں (ج) 1948ء میں (د) 1949ء میں

(۲) اقوام متحدہ کی تنظیم قائم ہوئی۔

(ا) 1945ء میں (ب) 1946ء میں (ج) 1947ء میں (د) 1948ء میں

(۳) آزادی اظہار کے نظریے کو کس نے پیش کیا:

(ا) گراہم بیل نے (ب) آئن سٹائن نے (ج) جان سٹورٹ مل نے (د) کارل مارکس نے

(۴) معاشرے میں سکون اور آپس میں صلح سے رہنے کو کہتے ہیں:

(ا) اختلاف (ب) ہم آہنگی (ج) تنازع (د) جنگ

(۵) خطبہ حجۃ الوداع پیش کیا گیا:

(ا) 6 ذی الحجہ (ب) 8 ذی الحجہ (ج) 10 ذی الحجہ (د) 9 ذی الحجہ

2: درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (x) کا نشان لگائیں۔

۱۔انسانی حقوق تمام انسانوں کے لئے برابر نہیں ہیں۔ (غلط)

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

۲۔ آزادی اظہار کے ذریعے سے ہم اپنے خیالات اور معلومات کو بول کر یا لکھ کر دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔ (درست)

۳۔ امن اور ہم آہنگی معاشرے کے ہر فرد پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ (غلط)

۴۔ لوگوں کی ذاتی معلومات کا احترام کرنا ڈیجیٹل شہری کے اخلاقی تقاضوں میں شامل نہیں۔ (غلط)

۵۔ دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ (درست)

3۔ کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

کالم الف	کالم ب (جواب)
دوسروں کے ساتھ ہمیشہ	نرمی اور رحم دلی سے پیش آئیں۔
تنازع کی صورت میں	مصالحت اختیار کریں۔
غلطی کی صورت میں	معذرت کریں۔
اختلافات کے باوجود	دوسروں کی رائے کا احترام کریں۔

باب 2 — ثقافت (Culture)
ہمارا رہن سہن

1: اِن سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

س ۱: ثقافت سے کیا مراد ہے؟

ج: ثقافت:

کسی جگہ کے لوگوں کا آپس میں میل جول، رسم و رواج، مذہب، زبان اور رہن سہن کے طور طریقے وہاں کی ثقافت کہلاتے ہیں۔

س ۲: پاکستان میں پائے جانے والے مختلف ثقافتی گروہوں کے نام لکھیں؟

ج: پاکستان کے لوگ مختلف صوبوں اور علاقوں میں رہتے ہیں اور ان علاقوں کے لحاظ سے یہ لوگ پنجابی، سندھی، بلوچ، پشتون، گلگت بلتستانی اور کشمیری کہلاتے ہیں۔ ان مختلف علاقوں میں بسنے والے ان لوگوں کی ثقافت بھی ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

س ۳: گلگت بلتستان اور کشمیر میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج: گلگت بلتستان میں بلتی، شینا، بروشسکی، وخی اور دیگر زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ جموں و کشمیر میں کشمیری اور پہاڑی زبانیں بولی جاتی ہیں۔